© rasailojaraid.com



ترحیم                                                    ادارہ

# مسافرینِ آخرت

**حضرت قاضی زاہد الحسینی مدظلہ کو صدمہ:**

ممتاز دینی و علمی شخصیت حضرت قاضی زاہد الحسینی مدظلہ کے داماد جناب حافظ محمد انور مرحوم ۴ ذوالحجہ ۱۴۱۶ھ مطابق ۲۳ اپریل ۱۹۹۶ء کو دل کا دورہ پڑھنے سے رحلت فرماگئے۔

مرحوم عالم با عمل اور ایک خاموش مبلغ تھے۔ پاک فضائیہ میں چیف وارنٹ افسر تھے۔ ۲۲ اپریل کو عشاء کی نماز کی امامت کرائی پھر درس حدیث دیا۔ رات کو اچانک دل کا دورہ پڑا اور چند ہی منٹوں میں واصل باللہ ہوگئے۔

عین عالم شباب میں ان کا اٹھ جانا حضرت قاضی صاحب اور تمام اہل خاندان کے لئے بہت گہرا صدمہ ہے۔

**جناب خوشی محمد مرحوم:**

مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے رہنما جناب حافظ محمد اشرف کے والد ماجد جناب خوشی محمد مرحوم ۲۱ جون بروز جمعہ انتقال کر گئے۔ مرحوم صوم و صلوٰۃ کے پابند اور نہایت صالح السان تھے۔ محترم حافظ صاحب کے لئے یقیناً یہ ایک گہرا صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صبر عطاء فرمائے اور مرحوم کی مغفرت فرمائے (آمین)

**جام حاجی خدا بخش چوہان مرحوم:**

مجلس احرار اسلام بستی اسلام آباد ضلع رحیم یار خان کے معاون اور جناب جام عبدالجبار صاحب کے بڑے بھائی محترم جام حاجی خدا بخش چوہان مرحوم مئی کے اوائل میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔

مرحوم انتہائی ملنسار اور دینی جذبہ رکھنے والے السان تھے۔ حضرت سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ سے والہانہ عقیدت تھی۔

**جناب ڈاکٹر محمد اسلم رانا مرحوم:**

شعبہ پنجابی پنجاب یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر، معروف نقاد، شاعر، افسانہ نگار ڈاکٹر محمد اسلم رانا ۲۲ جون کو ۴۸ سال کی عمر میں انتقال فرماگئے۔

مرحوم، پروفیسر عباس نجمی، پروفیسر سعید بھٹہ، ناہید شاہد، پروفیسر عاصم ندیم اور پروفیسر شاہد کاشمیری کے استاد اور ڈاکٹر مظہر معین کے رفیق خاص تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(آمین) اراکین ادارہ تمام مرحومین کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں اور ان کے غم میں شریک ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اپنی دعاؤں میں ان مرحومین کو بھی شامل کریں اور ایصال ثواب کا خاص اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## جناب شیخ ریاض الدین کے لئے دعاء صحت

حضرت شیخ حسام الدین رحمہ اللہ کے ارجمند محترم شیخ ریاض الدین صاحب گزشتہ کئی برس سے مفلوج ہیں۔

اراکین ادارہ ان کی صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ محترم شیخ صاحب کے لئے دعاء کریں اللہ تعالی انہیں شفاء کاملہ عطا فرمائے (آمین)

✺ ✺


مواعظ و تقاریر کا انسائیکلوپیڈیا اور خزانہ

تقاریر جمعہ

صفحات ۲۷۴ دو جلد

ھدیہ صرف /۳۰ روپے

ترتیب و تالیف

حافظ مشتاق احمد عباسی

الحمد للہ ہماری سابقہ کتابیں خطبات و مواعظ جمعہ اور مخزن مواعظ کے بعد یہ تیسری اسی موضوع کی عظیم الشان کتاب ہے،

اس کتاب میں قرآنی آیات، احادیث نبوی، میٹھے وعظ، سچے انقلاب آفریں قصے مایہ ناز ہستیوں کے اشعار سبھی کچھ موجود ہے یہ کتاب ساٹھ مواعظ پر مشتمل ہے ہر وعظ شیریں، حکمت و موعظت سے بھرپور اور عجیب و غریب نکات کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب جس خطیب و امام اور واعظ کے پاس ہوگی انشاء اللہ تعالی اسکو دوسری وعظ کی کتابوں کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس کتاب میں دنیاوی و اخروی فلاح و صلاح کا وافر سامان اور ذخیرہ موجود ہے۔

ملنے کا پتہ:۔ (۱) ادارہ صدیقیہ گارڈن ویسٹ کراچی نمبر ۳

(۲) یونائیٹیڈ بک کارپوریشن ادب منزل فرسٹ فلور اردو بازار کراچی۔

(۳) مکتبہ حلیمیہ۔ جامعہ بنوریہ نزد سائیٹ تھانہ کراچی نمبر ۱۶


✺ ✺

© rasailojaraid.com